## سوال

(516) رمضان میں کافر اور مشرکوں کو نجات ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ ﷺ نے جو فرمایا ہے کہ رمضان المبارک میں جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ اور دوزخ کے بند ہوجاتے ہیں۔ تو مبارک ماہ میں کافر مشرک کو مرنے سے کچھ فائدہ پہنچتا ہے یا نہیں؟ اور فاسق وفاجر کو بھی عذاب قبر سے نجات ملتی ہے یا نہیں؟ کیونکہ مسلمان ایمان دار کے لئے تو ہر حال میں نجات کی صورت ہوتی ہے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

کافر ہو یا مشرک مومن ہو یا فاسق بعد موت اعمال کے نتائج مرتب ہوں گے۔ نہ کے رمضان کے۔ دوزخ کا دروازہ بند ہونے سے کافر عذاب سے نہیں بچ سکتے۔ خدا کے ہاں عذاب کئی ایک قسم کے ہیں۔

شرفیہ

یہ بند وکشاد دوزخ وجنت صرف مومن صائم کے لئے ہے نہ کہ کافر مشرک ونافرمان کے لئے ورنہ شیطان بھی تو ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 658

محدث فتویٰ